بہار ریاستی حج کمیٹی، پٹنہ

(محکمہ اقلیتی فلاح حکومت بہار)
(پارلیامنٹ ایکٹ نمبر ۲۰۰۲/۳۵ کے تحت تشکیل شدہ)
۳۴،علی امام پتھ (ہارڈنگ روڈ) پٹنہ۔۸۰۰۰۰۱
فون نمبر۔ 0612-2203315،فیکس۔0612-2201665، ای میل : biharstatehajcommittee@gmail.com
ویب سائٹ : biharstatehajcommittee.org

پریس ریلیز

حج 2023ء کے لئے اکتوبر ماہ سے درخواست پُر کرنے کا سلسلہ شروع ہونے کا امکان

صاحب استطاعت حضرات تیاری شروع کردیں۔الحاج عبدالحق

(25/اگست) بہار ریاستی حج کمیٹی کے عزت مآب چیئرمین الحاج عبدالحق نے اپنے خصوصی پریس اعلانیہ کے زریعہ مطلع کیا ہے کہ آئندہ سال حج 2023ء کے لئے آن لائن حج درخواست فارم پُر کرنے کا سلسلہ انشاءاللہ اکتوبر 2022 سے ہی شروع ہونے کا امکان ہے۔آن لائن حج درخواست حج کمیٹی آف انڈیا کے ویب سائٹ www.hajcommittee.com یا موبائل ایپ HCOI کے ذریعہ پُر کیا جائیگا۔غالب امکان ہے کہ حج 2023 کے لئے حج کمیٹی آف انڈیا کی جانب سے حج درخواست فارم پُر کرنے کے لئے عمر کی قید کو ختم کردیا جائے گا،اور دیگر تمام رکاوٹیں ہٹادی جائیں گی۔

موصوف نے اپیل کی ہے کہ حج کی استطاعت رکھنے والے حضرات حج کی تیاری شروع کردیں۔حج کے لئے اولین ضرورت پاسپورٹ ہے۔ لہذا حج کے خواہشمند ایسے افراد جن کے پاس بین الاقوامی پاسپورٹ دستیاب نہیں ہے، وہ پاسپورٹ بنوانے کا عمل جلد شروع کردیں۔حج درخواست فارم پُر کرنے کا سلسلہ شروع ہونے میں ابھی ایک ماہ سے زیادہ کا وقفہ ہے۔واضح ہو کہ پاسپورٹ بنوانے کے عمل میں تقریباً ایک سے ڈیڑھ ماہ کا وقت لگ جاتا ہے۔

حج ۱۴۴۴ھ مطابق 2023ء کے خواہشمند حضرات جن کے پاس اپنا پاسپورٹ نہیں ہے، ہاتھ سے لکھا ہوا پُرانا پاسپورٹ ہے یا پاسپورٹ کی مدت میں توسیع کی ضرورت ہے وہ اپنا پاسپورٹ بنوانے کا عمل جتنا جلد ممکن ہو سکے شروع کردیں۔پاسپورٹ بنوانے کا عمل اب بہت آسان ہو گیا ہے اور بغیر کسی کے مدد سے پاسپورٹ حاصل کیا جاسکتا ہے۔پاسپورٹ بنوانے کے لئے سب سے پہلے اپنے علاقے کے کسی بھی نزدیکی سائبر کیفے سے اپنا پاسپورٹ درخواست آن لائن کروالیں۔ پاسپورٹ درخواست آن لائن کرانے کے لئے اپنے آدھار کارڈ کا استعمال کرنے کو ترجیح دیں، کیوں کہ آدھار کارڈ میں عمر اور پتہ دونوں کی توثیق موجود رہتا ہے۔

موصوف نے حج کے امور میں دلچسپی رکھنے والے قوم وملت کے دانشوران،خصوصاً ائمہ مساجد اساتذۂ مدارس، دینی تنظیموں اور ملی اداروں کے ذمہ دار علماء کرام ومفتیان عظام اور سیاسی وسماجی خدمت گار حضرات سے مخلصانہ اپیل کی ہے کہ حج کے فضائل و برکات اور استطاعت کے باوجود فریضہ حج کی ادائیگی سے محروم رہ جانے والے افراد کے متعلق احادیث صحیحہ میں وارد وعید کو اپنی تقاریر و خطبات کے ذریعہ اجاگر کرکے زیادہ سے زیادہ صاحبِ استطاعت حضرات کو اس عظیم فریضہ کی ادائیگی کی طرف متوجہ فرمائیں۔ائمہ مساجد اور خطیب حضرات سے گزارش ہے کہ جمعہ کے خطبوں میں ترغیبِ حج کے موضوع پر خصوصی توجہ دی جائے۔

مزید معلومات کے لئے ریاستی حج کمیٹی کے دفتر کے فون نمبر- 0612-2203315 اور موبائل نمبر 8271463343 (اظہار احمد) 9693638579 (صغیر احمد)، 9308102375 (محمد اختر حسین)، 7070810696 (صفدر علی) اور 7488279439 (محمد احسان صدیقی) پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

(میڈیا سیکشن)
بہار ریاستی حج کمیٹی، پٹنہ